کی اہم خصوصیت ہے۔

کاغذ، ٹائپ اور ٹائیٹل ہر لحاظ سے معیاری اور دیدہ زیب ہے۔

امید ہے قرآن حکیم کے مطالب و معارف سے شغف رکھنے والے تمام حضرات اس سے استفادہ کریں گے۔ (م - ح - ن)

بچوں کے لیے حدیث

مصنف: ڈاکٹر عبدالرؤف

ناشر: فیروز سنز لاہور

صفحات: ۱۵۲ - کتابت، کاغذ، طباعت بہترین۔

قیمت: پانچ روپے پچاس پیسے۔

ڈاکٹر عبدالرؤف پاکستان کے مشہور اہلِ علم ہیں جو بچوں کی تعلیم و تربیت کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور اس موضوع سے متعلق کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی تازہ کتابوں میں سے ایک کتاب "بچوں کے لیے حدیث" ہے۔ ابتدا میں انھوں نے آسان زبان میں حدیث کی جمع و تدوین پر روشنی ڈالی ہے اور احادیث کے مختلف مجموعوں اور مروجہ کتابوں کا تعارف کرایا ہے جو بچوں کے علاوہ سب کے مطالعے کے قابل ہے۔ پھر آداب، میل جول، خوش اخلاقی صفائی، کھانے پینے کے طریقے، علم کی اہمیت وغیرہ بہت سے امور کی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں وضاحت کی ہے۔ فاضل مصنف نے اس کا انداز یہ رکھا ہے کہ ایک عنوان قائم کر کے پہلے ایک حدیث درج کی ہے، اس کے ساتھ (بین السطور) اس کا لفظی ترجمہ کیا ہے، پھر نیچے با محاورہ ترجمہ دیا ہے۔ اس صورت میں یہ کتاب نہ صرف بچوں کے لیے بلکہ عام تعلیم یافتہ طبقے اور واعظین و مقررین کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ احادیث پر اعراب لگائے گئے ہیں۔

یہ کتاب اس لائق ہے کہ ہر شخص اس کو اپنے مطالعہ میں لائے اور بالخصوص بچوں کو پڑھائے۔

(م - ا - ب)